Maulana Azad National Urdu University

M.A. Public Administration, IV Semester Examination - May 2018

Paper : MAPA401CCT : Welfare Administration

پرچہ : فلاحی نظم ونسق

Time : 3 hrs | Marks : 70

3914

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟

(a) ایک ایسا نظام جس کے تحت حکومت اپنے شہریوں کے لیے صحت وسلامتی کی حفاظت کے لیے ذمہ دار ہو۔

(b) ایک ایسا نظام جس میں مواقع کے مساوات اور منصفانہ تقسیم کے امکانات ہوں

(c) (a) اور (b) دونوں

(d) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) فلاحی نظم ونسق میں کیا اہم ہے؟

(a) یہ فلاح وبہبود کے پروگرام سے متعلق ہے   (b) اس میں پسماندہ طبقے کو ترجیح دی جاتی ہے

(c) بنیادی خدمات فراہم کرنا حکومت کے لیے اہم ہوتا ہے   (d) (a)' (b) اور (c) تینو

(iii) مندرجہ ذیل میں کس مقام پر خواتین کی نمائندگی کم ہے۔

(a) مقامی حکومت   (b) مرکزی قانون سازی   (c) فلمی صنعت   (d) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) ہندوستان میں اقلیت کون ہیں۔

(a) جموں کشمیر میں ہندو افراد   (b) جموں کشمیر میں مسلم افراد

(c) ہندوستان میں تمام خواتین   (d) (a) اور (c)

(v) مندرجہ ذیل میں جو بالکل مختلف ہے اس کی شناخت کریں۔

(a) اقلیتی امور کے وزیر (b) خواتین و بچوں کے وزیر (c) قبائلی معاملہ کے وزیر (d) مالیاتی وزیر

(vi) خواتین کو با اختیار بنانے کے لیے کیا ضروری نہیں ہے۔

(a) فیصلہ سازی میں شرکت (b) حق مساوی کا نافذ کرنا

(c) رسمی تعلیم کے بغیر گھر کے کام کی تربیت (d) عوام کی ذہنیت میں تبدیلی

(vii) مندرجہ ذیل میں کون سا کام ہندوستان کے اقلیتی کمیشن کا نہیں ہے۔

(a) اقلیتوں کی ترقی کے لیے سرکار کو مشورہ دینا (b) اقلیتوں کے خلاف تعصب روکنا

(c) اقلیتوں کی سماجی و اقتصادی ترقی سے متعلق مسائل پر تحقیق کرنا (d) اس میں سے کوئی نہیں

(viii) مندرجہ ذیل میں کسے خاص توجہ کی ضرورت ہے۔

(a) معذور افراد (b) بچوں (c) بیوہ (d) یہ سبھی

(ix) حکومت ان میں سے کس کے لیے تحفظ کی پالیسی اپناتی ہے۔

(a) خواتین (b) معذور افراد (c) قبائلی لوگوں کے لیے (d) یہ سبھی

(x) مندرجہ ذیل کس ملک میں ملک کے سربراہ کبھی خواتین نہیں ہوئی ہے۔

(a) پاکستان (b) ہندوستان (c) سری لنکا (d) امریکہ

حصہ دوم

(2) فلاحی نظم ونسق سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بحث کریں۔

(3) فلاحی ریاست کی کیا خاص خصوصیات ہے؟

(4) موجودہ دور میں خواتین کے مسائل کیا کیا ہیں؟

(5) قومی کمیشن برائے اقلیت کے فرائض پر روشنی ڈالیں۔

(6) ضعیفوں کے اہم مسائل پر ایک نوٹ تیار کریں اور ان کے فلاح و بہبود کے لیے اپنائے گئے اقدامات کی وضاحت کریں۔

(7) Scheduled Tribe اور Scheduled Caste میں کیا فرق ہے؟

(8) قومی کمیشن برائے خواتین کے کیا اہم ذمہ داریاں ہیں؟

(9) سرکار کے ذریعہ Scheduled Tribe اور Scheduled Caste کے لوگوں کے ترقی کے لیے کوششیں کافی ہیں۔ سمجھائیں۔

حصہ سوم

(10) فلاحی نظم ونسق کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اہمیت پر ایک تفصیلی جائزہ لیں۔

(11) سماجی قوانین سے کیا مراد ہے؟ ایک ملک کے لیے اس کی کیا اہمیت ہے۔

(12) ہندوستان میں اقلیت سے کیا مراد ہے؟ ہندوستان کی آئین کے حوالے سے روشنی ڈالیں۔

(13) کیا ہندوستان کو ایک اچھی حکمرانی ملک کہا جا سکتا ہے۔ اپنے جواب فلاحی نظم ونسق کے حوالے سے دیں۔

(14) حکومت و نظم نسق کے تحت بچوں کے لیے کیا خاص کوشش کی گئی ہے تاکہ ان کا مستقبل بہتر ہو۔ اپنے جواب پالیسی اور آئین کے حوالے سے دیں۔

☆☆☆